राज्य शैक्षणिक संशोधन व प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र

پڑھنے کا معیار ۲

اوُما بہ نام اُپما

Original Publisher: Pratham Books
Author: Meera Ganapathi
Illustrator: Renuka Rajiv
Translator: RASHEEDUNNISA WASIQ

اگر آپ کبھی کسی لڑکی کو دوسا میں ناک چھنکتے
ہوئے دیکھیں تو حیران نہ ہوں۔ وہ لڑکی اوما ہے۔

وہ جسے ہر کوئی بہت اچھی لڑکی کہتا ہے۔ اگرچہ وہ
ایک بہت اچھی لڑکی ہے لیکن اس کی ایک بہت
ہی بری عادت ہے۔

وہ اپنے ناشتے کے ساتھ کھیلنا پسند کرتی ہے۔
جوں ہی اماں اسے ناشتہ دے کر پیچھے مڑتی ہے اوما اپنی ہوشیاری سے اسے غائب کر دیتی ہے۔

اسی طرح دوسا رومال بن جاتا ہے، اوما اسے ایک
مثلث کی شکل دیتی ہے

اور پھر پن کی مدد سے اپنے یونیفارم پر لگا لیتی
ہے۔

ناشتے میں جب وڑے ہوتے ہیں، تو اوما انہیں
انگوٹھیوں کی طرح انگلیوں میں پہن کریوں اتراتی
ہے جیسے وہ بیش قیمتی وڑا کے جواہرات پہنی کوئی
ملکہ ہو۔

بوندے اسے سب سے کم پسند ہیں تو اوما انہیں
اپنے منہ میں ٹھونس لیتی ہے اور یوں دکھاتی ہے
جیسے کہ اس کے گال چوتھی جماعت کی گول
مٹول لڑکی کی طرح پھولے پھولے ہیں۔

بائے اماں

اماں کھانا بہت اچھا بناتی ہیں اور ساری کالونی میں ان کی اڈلیاں بہت مشہور ہیں۔ لیکن اوما ، اماں کی پکائی ہوئی چیزوں کی بالکل قدر نہیں کرتی۔

اس کے بجائے، وہ ان نرم نرم اڈلیوں سے اپنی جیبیں بھر لیتی ہے اور ان کا اسکول بس میں تکیہ بنا لیتی ہے۔

اتپم ٹوپیاں بن جاتے ہیں اور پونگل ملیگئی بلی کو کھلایا جاتا ہے۔ کوئی چیز اوما کو ناشتہ کرنے پر مجبور نہیں کر سکتی۔ لیکن آج، اس کے سامنے ذرا سی مشکل ہے. امّاں نے نرم، ملائم، لگدی جیسا روے کا اپما بنا کر اس کی پسندیدہ پلیٹ میں پیش کیا ہے۔

اب اوما اس اپما کا کیا کرے؟

وہ اسے اپنی وردی میں نہیں لگا سکتی۔

وہاں وہ نہیں رہے گا۔اسے انگوٹھیوں کے طور پر نہیں پہن سکتی۔

یہ فٹ نہیں ہوگا۔ وہ اسے اپنے گالوں میں نہیں بھر سکتی۔

یہ پگھل جائے گا۔ وہ اسے تکئے کے طور پر استعمال نہیں کر سکتی۔

کیا ہی بیکار تکیہ ہوگا!! وہ اسے ٹوپی کے طور پر نہیں پہن سکتی۔

یہ گر جائے گا! اور وہ اسے مالیگئی بلی کو نہیں کھلا سکتی کیونکہ

سب جانتے ہیں کہ بلیوں کو اپما بالکل پسند نہیں ہوتا!!

اوما پریشان ہے، آخر اس اپما کے ساتھ کیا کیا جائے۔
وہ سوچتی ہے پلکیں جھپکاتی ہے اور اپنے بالوں کی لٹوں کو گھماتی ہے، وہ غلطی سے اپما کا چمچ اپنے منہ میں ڈال لیتی ہے۔
اووو! کیا چیز تھی یہ جس کا ایک نوالہ اس نے ابھی لیا تھا؟ گھی میں تر ایک نمکین، بھنا ہوا کاجو! واہ

اب اوما مزید کاجو کی لالچ میں ایک اور نوالہ لیتی

ہے۔

۔ لیکن اب اس کے نوالے میں اس کے بجائے

تازہ اور رسیلی چیز آتی ہے۔ گاجر! امم۔۔۔

وہ یہ سوچ کر کہ اب کی بار اسے کیا ملے گا ایک نوالہ
اور لیتی ہے۔ اوئی ! اب یہ چھوٹا سا ٹکڑا کیا ہے ؟
تیز تیز مسالے دار! اہا ادرک !

متجس، اوما اب نہیں رک سکتی۔ لیکن اوہ، آہ،
اوچ! اس نے ابھی ایک ہری مرچ کا نوالہ لیا ہے
اس کا منہ جل رہا ہے! اوما اپنے منہ میں لگی آگ
بجھانے کے لیے پورا اپما نگل لیتی ہے۔

آخر کار آگ بجھ گئی ہے۔ اندازہ لگائیے کیا ہوا ہو گا
اور یہ اس کی پلیٹ ہو گئی خالی، سب!!!!

اماں پوچھتی ہیں ! "اوما! اس مرتبہ تمہارا ناشتہ
کہاں غائب ہو گیا؟"۔
اوما کہتی ہے" میرے پیٹ میں،"

اوما اب اپنے ناشتے کے ساتھ نہیں کھیلتی۔ واقعی وہ ایک بہت، بہت، بہت اچھی لڑکی بن گئی ہے. ان دنوں سب
اس سے خوش ہیں۔ ہر ایک سوائے مالیگئی بلی کے
تو اگر آپ اسے کہیں مل جائیں تو اسے کچھ پونگل ضرور کھلائیں، ٹھیک ہے؟

Acknowledgements

Story Attribution:

This story: اوما بہ نام اُپما is translated by RASHEEDUNNISA WASIQ . The © for this translation lies with Pratham Books, 2023. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Uma Versus Upma', by Meera Ganapathi . © Pratham Books , 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Cover page: An Orange Cat looking at a plate of upma, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: A young Girl blowing her nose into a dosa, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: A young Girl hiding dosa in different places, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: A young Girl weaing dosa as a hanky, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: A young Girl wearing vada crown and rings, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: A young Girl walking towards her school bus with stffed mouth, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Children on a school bus, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: A young Girl wearing uttapam hat, feeding cat, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: A young Girl figuring what to do with upma, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: A cat watching girl eat upma on the table, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Page 11: A young Girl tasting upma, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 12: A young Girl eating upma with a spoon, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 13: A young Girl eating chillies and all spices, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 14: A young Girl licking the plat and her fingers, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 15: A young Girl lying down on a chair talking to her mother, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 16: Girl blowing her nose into a dosa, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 17: An Orange Cat looking at the girl on the terrace, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 18: An Orange Cat looking at a plate of upma, by Renuka Rajiv © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

اوُما بہ نام اُپما
(Urdu)

اوما اپنا ناشتہ کبھی نہیں کھاتی اس کے بجائے، وہ صرف اس کے ساتھ کھیلتی ہے۔ کیا اسے اپنے ناشتے سے کھیلنے سے روکنے کے لیے کچھ کیا جا سکتا ہے۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.